70479 ـ اگر کل رمضان ہوا تو میں روزہ سے ہوں

سوال

اگر رمضان کا چاند نظر آنے کا اعلان نہ ہوا ہو، اور انسان یہ کہہ کر جلد سو جائے کہ اگر صبح رمضان ہوا تو میں روزہ رکھونگا، تو کیا یہ نیت کافی ہوگی اور اس کا روزہ صحیح ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس مسئلہ میں فقہاء کرام کا اختلاف پایا جاتا ہے، اور نیت کی تعیین کے مسئلہ کی بنا پر اس میں دو قول ہیں:

کہ آیا رمضان کی یقینی نیت کرنی واجب ہے، یا کہ صرف روزہ کی نیت کرنی ہی کافی ہوگی، چاہے نفلی یا فرضی روزہ کی نیت کی جائے.

مالکیہ، شافعیہ، اور حنابلہ میں سے جمہور علماء کرام کہتے ہیں کہ رمضان کے روزے کی نیت متعین کرنی شرط ہے.

اور حنفیہ کہتے ہیں کہ: نیت کی تعیین شرط نہیں، اور امام احمد کی بھی ایك روایت یہی ہے.

تو اس قول کی بنا پر اس شخص کا روزہ صحیح ہے، جو یہ کہے کہ اگر صبح رمضان ہوا تو میرا فرضی روزہ ہے.

الفروع کے مصنف کہتے ہیں:

" امام ملك اور امام شافعی کے قول کے مطابق ہر فرضی روزہ کی نیت کی تعیین واجب ہے، وہ اس طرح کہ یہ اعتقاد رکھے کہ وہ رمضان کا فرضی، یا رمضان کی قضاء یا نذر یا کفارہ کا روزہ رکھا رہا ہے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" اور ہر شخص کے لیے وہی ہے جو وہ نیت کرتا ہے "

اور امام احمد رحمہ اللہ سے ایك دوسری روایت یہ ہے کہ:

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے قول کے مطابق رمضان کے روزے کی نیت کی تعیین واجب نہیں، کیونکہ تعیین سے تمیز مراد ہوتی ہے، اور یہ وقت تو متعین ہے، تو اس بنا پر اس کی مطلقا نیت کرنا صحیح ہو گی، اور جس فرض میں اسے تردد ہے اس کی نیت میں....

اور ان کا یہ قول: فرض کی نیت جس میں اسے تردد ہے کہ شك والی رات نیت کرے:

یعنی اگر صبح رمضان ہوا تو میرا فرضی روزہ ہوگا، اور اگر نہ ہوا تو میرا نفلی روزہ ہے.

پہلی روایت کے مطابق کفائت نہیں کریگی، جب تك وہ یقینی نیت نہ کرے کہ صبح رمضان کا روزہ ہے، اور دوسری روایت کی بنا پر نیت کفائت کر جائیگی " انتہی.

دیکھیں: الفروع (3 / 40).

اور الانصاف میں ہے:

" اور اگر اس نے یہ نیت کی کہ: اگر کل رمضان ہوا تو میرا فرضی روزہ ہے، اور اگر رمضان نہ ہوا تو نفلی، یہ اسے کفائت نہیں کریگی، اور مذہب بھی یہی ہے، اور اکثر اصحاب بھی اسی پر ہیں، اور یہ تعیین نیت کی شرط پر مبنی ہے.

اور امام احمد سے روایت ہے کہ: یہ اسے کفائت کر جائیگی، یہ اس روایت پر مبنی ہے کہ: رمضان کے لیے نیت کی تعیین واجب نہیں.

اور شیخ تقی الدین نے اسی روایت کو اختیار کیا ہے، " الفائق " میں کہتے ہیں: صاحب المحرر اور ہمارے شیخ نے اس کی تائید و نصرت کی ہے، اور اختیار بھی یہی ہے " انتہی.

دیکھیں: الانصاف (3 / 295).

مزید تفصیل کے لیے آپ درج ذیل کتب کا مطالعہ ضرور کریں:

البحر الرائق (2 / 280) مجمع الانہار (1 / 233) مغنی المحتاج (2 / 150) المغنی (3 / 9) الموسوعۃ الفقہیۃ (5 / 165) اور (28 ـ 22).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ " الزاد " کے مصنف کے درج ذیل قول :

" اور اگر اس نے یہ نیت کی کہ اگر صبح رمضان ہوا تو میرا فرضی روزہ ہے: یہ کفائت نہیں کریگی "

ابن عثیمین اس کی شرح کرتے ہوئے کہتے ہیں:

" یہ مسئلہ اہم ہے اور بہت زیادہ پیش آتا ہے: اس کی مثال یہ ہے کہ: تیس شعبان کو ایك شخص جلد سو گیا، اور اس میں احتمال ہے کہ یہ رمضان کی پہلی رات ہو، تو وہ کہتا ہے: اگر صبح رمضان ہوا تو میرا فرضی روزہ ہے، یا پھر وہ یہ کہتا ہے: اگر صبح رمضان ہوا تو میرا روزہ، یا یہ کہے: اگر صبح رمضان ہوا تو فرضی، وگرنہ وہ واجب کفارہ یا اس طرح کے مشابہ کوئی اور معلق قسم میں سے، تو اس میں صحیح مذہب یہی ہے کہ یہ صحیح نہیں؛ کیونکہ اس کا یہ کہنا: اگر رمضان ہوا تو میرا فرضی روزہ ہے، اس کے اس قول میں تردد ہے، اور نیت کے لیے بالجزم اور یقین ہونا ضروری ہے، اور اگر وہ طلوع فجر سے پہلے بیدار نہ ہوا اور اسے پتہ چلا کہ آج تو رمضان ہے تو مؤلف کے قول کے مطابق اس کے ذمہ اس دن کے روزہ کی قضاء ہو گی.

اور امام احمد سے دوسری روایت یہ ہے کہ: اگر یہ واضح ہوا کہ رمضان ہے تو اس کا روزہ صحیح ہوگا، شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے بھی یہی قول اختیار کیا ہے، اور لگتا ہے یہ ضباعۃ بنت زبیر رضی اللہ تعالی عنہا کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درج ذیل فرمان کے عموم میں داخل ہوتا ہے:

" تم حج کرو، اور یہ شرط لگا لو کہ جہاں تو مجھے روك دے وہی میرے حلال ہونے کی جگہ ہے، تو جو تم استثناء کروگی وہ آپ کے رب پر تیرے لیے ہوگا "

تو اس شخص نے اسے معلق رکھا ہے، اس لیے کہ وہ نہیں جانتا کہ کل رمضان ہو گا یا نہیں، تو اس کا تردد رمضان کے مہینہ کی ابتدا میں تردد ہونے پر مبنی ہے، نہ کہ نیت میں تردد پر، اور اس پر کہ آیا وہ روزہ رکھےگا یا نہیں ؟

اس لیے اگر وہ یکم رمضان کی رات یہ کہتا ہے کہ: میں ممکن ہے کل روزہ رکھوں، اور ممکن ہے نہ رکھوں.

تو ہم کہینگے کہ: یہ صحیح نہیں، کیونکہ وہ متردد ہے.... اور اس بنا ہمیں چاہیے کہ اگر تیس شعبان کو رمضان کا چاند نظر آنے کی خبر ملنے سے قبل ہم سونا چاہیں تو یہ نیت کریں کے اگر صبح رمضان ہوا تو ہم روزہ رکھینگے " انتہی.

دیکھیں: الشرح الممتع (6 / 375).

واللہ اعلم .